ALL PAKISTAN LPG DISTRIBUTORS ASSOCIATION (Regd)

(AFFILIATED WITH FPCCI)

(Ministry Of Commerce Licence No: 69)

(SECP CUI No: 0067829)

پریس ریلیز

کراچی یکم جولائی 2012: خام تیل کی عالمی قیمتوں میں کمی کے باعث جولائی 2012 کے لیے ایل پی جی کی فی ٹن سعودی آرامکو کنٹریکٹ پرائس بھی 133 ڈالر کی کمی سے 606.50 ڈالر کی کم ترین سطح پر آ گئی ہے، سعودی آرامکو کنٹریکٹ پرائس کم ہونے کے باعث ملک میں درآمد ہونے والی ایل پی جی کی فی ٹن قیمت بھی 12635 روپے کی کمی سے 79500 روپے کی سطح پر آ گئی ہے۔ جس کے نتیجے میں فی کلوگرام درآمدہ ایل پی جی کی قیمت 12 روپے، فی 11.8 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 150 روپے اور فی 45.4 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 573 روپے کم ہوگئی ہے۔ جس کے باعث کراچی میں فی کلوگرام ایل پی جی کی قیمت گھٹ کر 94 روپے، فی 11.8 کلوگرام سلینڈر کی قیمت گھٹ کر 930 روپے اور فی 45.4 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 3587 روپے ہوگئی، لاہور میں فی کلوگرام ایل پی جی کی قیمت گھٹ کر 99 روپے، 11.8 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 1030 روپے، 45.4 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 3967 روپے، خیبر پختونخواہ میں فی کلوگرام ایل پی جی کی قیمت گھٹ کر 104 روپے، 11.8 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 1152 روپے اور 45.4 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 4381 روپے ہوگئی جبکہ فاٹا، نادرن ایریا، آزاد کشمیر، ملگرام، مانسہرہ میں فی کلوگرام ایل پی جی کی قیمت گھٹ کر 108 روپے، 11.8 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 1234 روپے اور 45.4 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 4744 روپے ہوگئی ہے، ان نئی قیمتوں کا اطلاق منگل 3 جولائی 2012 سے موثر بہ عمل ہوگا، آل پاکستان ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عبدالہادی نے اس ضمن میں پیداواری کمپنیوں سے مطالبہ کیا کہ وہ مقامی طور پر پیدا ہونے والی ایل پی جی کی قیمت میں بھی کنٹریکٹ پرائس میں ہونے والی کمی کے تناسب سے 3 جولائی 2012 کو کمی کا اعلان کریں اور اپنی یومیہ پیداوار کو 800 ٹن محدود رکھنے کے بجائے اسے دوگنا کرنے کی فوری حکمت عملی وضع کریں، عبدالہادی نے بتایا کہ قیمتوں میں تسلسل سے کمی کی وجہ سے گزشتہ ایک ماہ کے دوران مقامی مارکیٹ میں ایل پی جی کی فروخت بڑھ کر 85 تک پہنچ گئی ہے جس کے نتیجے میں ایل پی جی کی یومیہ طلب 1100 ٹن سے بڑھ کر 1500 ٹن کی سطح تک پہنچ گیا ہے لیکن ان حقائق کے باوجود مقامی پروڈیوسرز نے گزشتہ ڈیڑھ سال سے اپنی یومیہ پیداوار 800 ٹن تک محدود کر رکھا ہے جو تشویشناک امر ہے کیونکہ محدود پیداواری سرگرمیوں کے سبب مقامی ضروریات کا انحصار درآمدی ایل پی جی پر بڑھتا جا رہا ہے، انہوں نے بتایا کہ مقامی پروڈیوسرز کی جانب سے اگر 3 جولائی کو کنٹریکٹ پرائس میں کمی کے تناسب سے قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا گیا تو ایل پی جی کی فروخت میں مزید 5 تا 10 فیصد کا اضافہ ہوجائے گا کیونکہ تسلسل سے قیمتوں میں کمی کے سبب دوبارہ ایل پی جی کے سستے متبادل ایندھن کا تصور بحال ہوتا جا رہا ہے جو مقامی انڈسٹری کے لیے حوصلہ افزا امر ہے۔

عبدالہادی خان

0300-8204994

Banglow No. 2-B Block 6 P.E.C.H.S. KARACHI

Phone # +92-021-4521793 Fax #+92-021-4521361